UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education
Advanced Subsidiary Level and Advanced Level

**URDU** **8674/04**
**9686/04**

Paper 4 Texts

October/November 2004

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen on both sides of the paper.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose one question from Section 1, one from Section 2 and one other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are not permitted.
You may take unannotated set texts into the examination.
All questions in this paper carry equal marks.
You are advised to divide your time equally between your answers.
At the end of the examination, fasten all your work securely together.

**جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔**

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جا سکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے تین سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصّے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصّے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

اپنے جواب اردو میں لکھیں۔
آپ کا ہر جواب 500 سے 600 الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔
اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔
امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیں۔

This document consists of **7** printed pages and **1** blank page.

SP (BR) S63097/6
© UCLES 2004
UNIVERSITY of CAMBRIDGE
International Examinations

[Turn over

## Section 1

**1** Muntakhab Ghazlein

### ۱۔ منتخب غزلیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

ہوئی تاخیر تو کچھ باعث تاخیر بھی تھا　　آپ آتے تھے مگر کوئی عناں گیر بھی تھا
تم سے بے جا ہے ، مجھے اپنی تباہی کا گلہ　　اُس میں کچھ شائبۂ خوبیٔ تقدیر بھی تھا
دیکھ کر غیر کو ہو کیوں نہ کلیجہ ٹھنڈا　　نالہ کرتا تھا، ولے طالب تاثیر بھی تھا
پکڑے جاتے ہیں فرشتوں کے لکھے پر ناحق　　آدمی کوئی ہمارا دم تحریر بھی تھا؟

ریختے کے تمہیں استاد نہیں ہو غالبؔ
کہتے ہیں ، اگلے زمانے میں کوئی میرؔ بھی تھا

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** اس غزل کے حوالے سے غالبؔ کے منفرد اندازِ بیان پر تبصرہ کیجیے۔

**یا**

(ب) حسرتؔ کی شاعرانہ خصوصیات پر مختصر مضمون لکھیئے۔

[25]

**2** Intekhab - é - Urdu Shairi

۲ ۔ انتخابِ اردو شاعری

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح اس طرح کیجئے کہ اُن کا مفہوم اور شعری حسن اچھی طرح واضح ہو جائے۔

فقیرانہ آئے صدا کر چلے میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے
جو تجھ بن نہ جینے کو کہتے تھے ہم سو اس عہد کو اب وفا کر چلے
بہت آرزو تھی گلی کی تری سو یاں سے لہو میں نہا کر چلے
دکھائی دیے یوں کہ بے خود کیا ہمیں آپ سے بھی جدا کر چلے

کہیں کیا جو پوچھے کوئی ہم سے میرؔ
جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے

یا

(ب) نظم " حسن اور مزدوری " کے حوالے سے جوشؔ کی شاعری پر تبصرہ کیجئے۔ [25]

**3** Muntakhab Nazmein

## ۳ ۔ منتخب نظمیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح، سیاق وسباق کے حوالے سے، اس طرح کیجئے کہ ان کا مفہوم اور شعری حسن پوری طرح واضح ہوجائے۔

اَن گنت صدیوں کے تاریک بہیمانہ طلسم ریشم و اطلس و کمخواب میں بنوائے ہوئے
جا بجا بکتے ہوئے کوچۂ و بازار میں جسم خاک میں لتھڑے ہوئے خون میں نہلائے ہوئے
لوٹ جاتی ہے ادھر کو بھی نظر کیا کیجئے اب بھی دلکش ہے تیرا حسن مگر کیا کیجئے
اور بھی دکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا

مجھ سے پہلی سی محبت مری محبوب نہ مانگ

یا

(ب) ساحؔر کی مقبولیت کا راز ان کی عوامی سوچ اور لہجے کی نغمگی ہے۔ نظم ” تاج محل “ کے حوالے سے اس بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

[25]

© UCLES 2004

**4** Bangé - Dara

## ۴ ۔ بانگِ درا

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

صفحۂ دہر سے باطل کو مٹایا کس نے؟ نوعِ انساں کو غلامی سے چھڑایا کس نے؟
میرے کعبے کو جبینوں سے بسایا کس نے؟ میرے قرآن کو سینوں سے لگایا کس نے؟
تھے تو آبا وہ تمہارے ہی مگر تم کیا ہو؟ ہاتھ پر ہاتھ دھرے منتظرِ فردا ہو
منفعت ایک ہے اس قوم کی نقصان بھی ایک ایک ہی سب کا نبی، دین بھی ایمان بھی ایک
حرمِ پاک بھی اللہ بھی ، قرآن بھی ایک کچھ بڑی بات تھی ہوتے جو مسلمان بھی ایک

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** جوابِ شکوہ میں موجودہ دور کے مسلمانوں کی جو تصویر پیش کی گئی ہے اسے اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

یا

(ب) اقبالؔ کی شاعری ایک دعوتِ فکر و عمل ہے جس میں انہوں نے شاعرانہ حسن بھی برقرار رکھا ہے۔ اس بارے میں اپنے خیالات قلم بند کیجئے۔

[25]

## Section 2

**5** Mirza Ruswa, *Umrao Jaan Ada*

۵ ۔ مرزا رسوا ۔ امراؤجان ادا

(الف) " امراؤجان ادا " دراصل لکھنؤ کے زوال پذیر معاشرے کی ایک دردناک کہانی ہے۔تبصرہ کیجئے۔

یا

(ب) امراؤجان ادامحبت کے معاملے میں ایک طوائف کم اورعورت زیادہ نظر آتی ہے۔اس بیان پرتفصیل سے بحث کیجئے۔

[25]

**6** Nazir Ahmad, *Miratul-Uroos*

۶ ۔ نذیراحمد ۔ مراۃ العروس

(الف) " مراۃالعروس " کے کس کردار نے آپ کوسب سے زیادہ متاثر کیا ہے۔تفصیل سے لکھیے۔

یا

(ب) " مراۃالعروس " کوپڑھنے والا اپنے آپ کواس معاشرے کاایک حصہ محسوس کرتا ہے۔اس بیان پراپنی رائے کاتفصیل سے اظہار کیجئے۔

[25]

© UCLES 2004

**7** Imtiaz Ali Taj, *Anar Kali*

۷ ۔ امتیاز علی تاج ، انار کلی

(الف) " ڈرامہ " انار کلی " میں اصل کشمکش انارکلی اوراکبر کے درمیان ہے۔" اس بارے میں تفصیلی تبصرہ کیجئے۔

یا

(ب) " ڈرامہ انارکلی دراصل مغلیہ شان وشوکت اورعظمت کا اظہار ہے"۔اس بارے میں تفصیلی تبصرہ کیجئے۔

[25]

**8** Urdu Ké Tera Afsané

۸ ۔ اردو کے تیرہ افسانے

(الف) سعادت حسن منٹو نے افسانہ " ٹوبہ ٹیک سنگھ " کے کرداروں کوزندگی اورزندہ انسانوں سے قریب تر کردیا ہے۔تبصرہ کیجئے۔

یا

(ب) افسانہ " نظارہ درمیاں ہے" میں غریبی کی مجبوری اورناکامی کا نقشہ نہایت کامیابی سے کھینچا گیا ہے۔اس بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

[25]

© UCLES 2004

**BLANK PAGE**

Every reasonable effort has been made to trace all copyright holders where the publishers (i.e. UCLES) are aware that third-party material has been reproduced. The publishers would be pleased to hear from anyone whose rights they have unwittingly infringed.

University of Cambridge International Examinations is part of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.